© rasailojaraid.com



# تبصرہ کتب

حافظ محمد ابراہیم فانی

**خطبات احتشام :- خطیب پاکستان مولانا احتشام الحق صاحب تھانوی رحمہ اللہ**

**مرتب :- حافظ محمد اکبرشاہ بخاری ۔ صفحات :- جلد اول ۴۳۸ ۔ دوم : ۲۷۶**
**قیمت درج نہیں ۔ ناشر: ادارہ تالیفات اشرفیہ ملتان**

خطیب اسلام حضرت مولانا احتشام الحق صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کو میدان خطابت میں اللہ تعالیٰ نے جو مقام عطا فرمایا ہے بہت ہی کم خطباء مقررین اور واعظین کے حصہ میں یہ رتبہ آیا ہوگا ۔ ان کا شمار برصغیر کے ان چیدہ خطباء میں ہوتا ہے جنہوں نے فن خطابت کو ایک نئی جہت دی اور اسے ایک جدا آہنگ اور نرالے اسلوب سے آشنا کیا ۔ آپ کی تقریر سننے کیلئے ہمیشہ بڑے بڑے علماء جید فضلاء اور اسی طرح دیندار افسران دوردراز مقامات سے تشریف لاتے ۔ جمعہ کا خطبہ سننے کیلئے لوگ صبح ہی سے جیکب لائن کی جامع مسجد میں جہاں آپ خطبہ جمعہ دیتے ۔ اپنے لئے بیٹھنے کی جگہ منتخب کرتے نہ صرف خواص بلکہ عوام کی کثیر تعداد آپکی وجد آفرین خطاب کو بہت ہی انہماک سے سنتے اور آپکی آواز کے سحر برجستہ فقروں شستہ جملوں اور برمحل اشعار سے پوری طرح محظوظ ہوتے ۔ تقریر سے قبل آپ اپنی مخصوص لے میں جب قرآن کریم کی تلاوت فرماتے تو مجمع پر ایک وجدانی کیفیت طاری ہوجاتی ۔ جس سے قرآن کی حلاوت دلوں میں مزید جاگزیں ہوتی ۔ چونکہ آپ ایک جید عالم دین تھے اس لیے آپ کی تقریر میں عالمانہ نکتہ آفرینیوں ، ادیبانہ بذلہ سنجیوں اور پروکار مزاح وطنز کا ایک حسین امتزاج ہوتا ۔ مکتبہ تالیفات اشرفیہ نے آپکے ان پرمغز خطبات کی دوجلدیں شائع کرکے نہ صرف عامۃ المسلمین پر احسان عظیم کیا ہے بلکہ علماء و خطباء کیلئے ہرایک خوبصورت سوغات اور دلکش معلومات افزا مرقع تیار کیا ہے ۔ امید ہے کہ نہ صرف خطباء واعظین اور مقررین اس سے فائدہ اٹھائیں گے بلکہ ہر طبقہ فکر کیلئے اس میں مطمئن کرنے کیلئے کافی مواد موجود ہے ۔ کتاب کے چند اہم موضوعات یہ ہیں:

بسم اللہ کے رموز ونکات ، قرآن کریم انقلاب افزا ، دستور حیات ، اسوہ رسول اکرمؐ واجماع صحابہؓ ، حب نبویؐ ، محسن انسانیت ، دین اور تجدد کی کشمکش ، صفات الٰہیہ ، انسان کی منزلیں ، موت کیا ہے ؟ ، عقل ونقل ، اسلام میں عورت کا مقام ، طریقہ بندگی ، سکون قلب اور محبت الٰہیٰ جیسے بیسیوں پرمغز موضوعات پر خطبات کی یہ بےمثال کتاب مشتمل ہے ۔

© rasailojaraid.com